# اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبل، لیڈی کانسٹیبل، کانسٹیبل ڈولفن سکواڈ و ٹریفک اسسٹنٹ، ضلع مری (پنجاب پولیس)

ضلع مری (پنجاب پولیس) میں کانسٹیبلان، لیڈی کانسٹیبلان، کانسٹیبل ڈولفن سکواڈ اور ٹریفک اسسٹنٹ سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کی جا رہی ہے جس کیلئے ضلع مری کے سکونتی امیدواران سے مندرجہ ذیل معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدواران کے لئے مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔

## اہلیت برائے امیدواران

| نمبر شمار | مندرجات | کانسٹیبل و لیڈی کانسٹیبل (صرف آپریشنل کیڈر) | کانسٹیبل ڈولفن سکواڈ | ٹریفک اسسٹنٹ |
|---|---|---|---|---|
| (1) | عمر | مورخہ 27 جون 2026 کو 18 تا 22 سال | مورخہ 27 جون 2026 کو 18 تا 22 سال | مورخہ 27 جون 2026 کو 18 تا 22 سال |
| (2) | قد | (i) **برائے مرد امیدواران:** کم از کم 5 فٹ 7 انچ<br>(ii) **برائے خواتین امیدواران:** کم از کم 5 فٹ 2 انچ | (i) **برائے مرد امیدواران:** کم از کم 5 فٹ 9 انچ<br>(ii) **برائے خواتین امیدواران:** کم از کم 5 فٹ 4 انچ | (i) **برائے مرد امیدواران:** کم از کم 5 فٹ 7 انچ<br>(ii) **برائے خواتین امیدواران:** کم از کم 5 فٹ 2 انچ |
| (3) | چھاتی | کم از کم ½"34"33 (صرف مرد امیدواران کیلئے) | کم از کم ½"34"33 (صرف مرد امیدواران کیلئے) | کم از کم ½"34"33 (صرف مرد امیدواران کیلئے) |
| (4) | سکونت | امیدواران کا متعلقہ ضلع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔ | امیدواران کا متعلقہ ضلع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔ | امیدواران کا متعلقہ ضلع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔ |
| (5) | تعلیم | منظور شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ بمع پچاس فیصد نمبر | منظور شدہ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ بمع پچاس فیصد نمبر | منظور شدہ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (سیکنڈ ڈویژن) |
| (6) | دوڑ | (i) **برائے مرد امیدواران:** 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (ii) **برائے خواتین امیدواران:** 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ | | |
| (7) | نظر کا معیار | --- | --- | نظر کی حد چشمے کے ساتھ یا چشمے کے بغیر 6/9 ہو اور قریب کی نظر 1-3 سے کم نہ ہو۔ |

## ہدایات برائے امیدواران

☆ **خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ http://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔**

☆ درخواست فارم معہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 300 روپے (فارم فیس) متعلقہ ضلعی پولیس لائن میں مورخہ 13.06.2026 تا 27.06.2026 تک جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفس اور پولیس لائن، مری سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم / درخواست محکمانہ توسط سے اجازت نامہ (NOC) لے کر جمع کروائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ امیدوار نا اہل تصور ہوگا۔

مختص کوٹہ:۔ ☆ پانچ فیصد (05%) کوٹہ اقلیتی امیدواران کے لیے مختص ہوگا۔

☆ کانسٹیبل کی آسامیوں کا پندرہ فیصد (15%) کوٹہ خواتین کے لیے مختص ہوگا۔ جبکہ ٹریفک اسسٹنٹ کے لیے خواتین کا کوٹہ پانچ فیصد (05%) ہوگا۔

☆ کانسٹیبل کی آسامیوں کا دس فیصد (10%) کوٹہ سابقہ فوجیوں کے لیے مختص ہوگا۔ اور

- قد، چھاتی، تعلیم، سکونت = جو مندرجہ بالا سول امیدواران کے لئے مخصوص ہے۔
- عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 22 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔
- وہ اہلکار جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کارروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے وہ درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ:۔ ☆ امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب نہ رہے ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نا اہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کسی مرحلہ پر بھی کریمنل ریکارڈ معلوم ہونے پر امیدوار نا اہل تصور ہوگا۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ صرف وہ امیدواران جسمانی پیمائش کے اہل ہونگے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ جسمانی پیمائش متعلقہ ضلعی پولیس لائن میں منعقد ہوگی۔

☆ اگر کوئی امیدوار ایک سے زیادہ آسامیوں کے لیے کوالیفائی کرے گا تو انٹرویو سے پہلے اس کو کسی ایک آسامی کا انتخاب کرنا ہوگا اور انٹرویو سے قبل اس سلسلہ میں بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

☆ **محکمہ کو اختیار ہوگا کہ وہ اس اشتہار کو جزوی طور پر تبدیل یا مکمل طور پر منسوخ کرے۔**

سکندر سلطان رانا

**المشتہر:۔ ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ II)،**
سنٹرل پولیس آفس، لاہور